سوال

(647) عقدِ نکاح کے بعد رخصتی سے پہلے خاوند کے سامنے زینت کا اظہار کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا منگیتر جس کے ساتھ عقد نکاح ہوچکا ہو، کے سامنے بالوں یا زینت کا اظہار کیا جاسکتا ہے؟ اور کیا اس لڑکی کی ماں اس کے منگیتر کے سامنے اپنا چہرہ کھول سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں یہ جائز ہے، ابن القوصی کے علاوہ سبھی ائمہ اسے جائز کہتے ہیں۔ اسی طرح لڑکی کی ماں کے لیے بھی جائز ہے کہ اس لڑکے کے سامنے اپنا چہرہ کھول سکتی ہے اگرچہ وہ نقاب کو واجب ہی سمجھتی ہو۔ کیونکہ جب لڑکی کے ساتھ کسی عقد ہوجائے تو لڑکی کی ماں اس کے لیے ابدی طور پر حرام ہوجاتی ہے۔ اسی طرح اگر کسی کا ماں کے ساتھ ملاپ ہوچکا ہو تو بیٹیاں اس آدمی کے لیے حرام ہوجاتی ہیں، اگرچہ بعض اہل علم کے نزدیک اس میں کچھ استثناء موجود ہے مگر پہلی صورت کہ بیٹی کے ساتھ نکاح سے ماں حرام ہوجاتی ہے، اس میں اجماع ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 458

محدث فتویٰ